Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۰ ربیع الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق ۱۱ جولائی ۱۹۳۶ء جلد

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایون اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم

۱ منظوری استدعا عالیمرتبت کرنل صاحبزادہ سید حسن رضا خاں صاحب بہادر ہوم منسٹر بابت معافی کمی چار یوم در ایام ملازمت

۲ منسوخی رخصت عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- (سوری) واقع ۲ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء

رپورٹ منظور ہے۔ چار یوم کی کمی معاف کیجاتی ہے۔ چھ سالی کی ملازمت قائم کیجائے۔ کاغذات برائے کارروائی عالیقدر صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- (سوری) ۲ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ عالیقدر صاحب چیف منسٹر بہادر کی رخصت ۲۸ر جون لغایۃ ۲ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء منسوخ کیجانا منظور ہے۔ کاغذات برائے کارروائی اجرائے احکام واپس ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میر سامانہ

جناب عالی

عالیقدر کرنل صاحبزادہ سید حسن رضا خاں صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ منسٹر کا تقرر بحکم ۵ر جولائی سنہ ۱۹۳۰ء منظور ہوا تھا۔ یکم جولائی سنہ ۱۹۳۶ء سے ریٹائر ہوں گے۔ اس صورت میں مدت ملازمت پانچ سال گیارہ ما چھبیس یوم ہوتی ہے۔ چھ سال میں صرف چار یوم کی کمی ہے جس کا اثر گریجوٹی پر پڑتا ہے۔ ان کی استدعا ہے کہ چار یوم کی کمی معاف ہو کر مدت ملازمت چھ سال قائم ہو جائے۔

ترقیمواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ معلیٰ سے معافی کمی چار یوم کا حکم پرورشاً شرف نفاذ پائے تاکہ وہ پورے چھ سال کی گریجوٹی کے مستحق ہو سکیں۔ زیادہ حد ادب۔

دولت و اقبال جاوید باد

عرضداشت ترقیمواہ دستخط عالیقدر صاحب چیف منسٹر بہادر
مرقومہ ۳ر جون سنہ ۱۹۳۶ء

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء
دستخط عالیقدر صاحب چیف منسٹر بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض — میر سامانہ

جناب عالی

پیشگاہ ہمایوں سے بحکم ۲۲ر جون سنہ ۱۹۳۶ء ترقیمواہ کی رخصت رعایتی نو یوم منظور فرمائی گئی تھی۔ لیکن صرف چار یوم ۲۴ تا ۲۷ر جون سنہ ۱۹۳۶ء رخصت سے استفادہ حاصل کیا گیا ہے۔ ترقیمواہ مستدعی ہے کہ بقیہ رخصت ۲۸ر جون لغایۃ ۲ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء کی منسوخی کا حکم شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔

آفتاب دولت و اقبال تاباں باد

عرضداشت ترقیمواہ۔ دستخط عالیقدر صاحب چیف منسٹر بہادر
مرقومہ ۳۰ر جون سنہ ۱۹۳۶ء

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۴ر جولائی سنہ ۱۹۳۶ء
دستخط عالیقدر صاحب چیف منسٹر بہادر